میڈیا اکریڈیٹیشن کمیٹی میں تقرری پر صحافیوں کے اعزاز میں تہنیتی تقریب

حیدرآباد۔ یکم مئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) روزنامہ صدائے حسینی برانچ آفس دارالشفا میں حیدرآباد اور تلنگانہ اور مختلف اضلاع کیلئے صحافیوں کو میڈیا اکریڈیٹیشن کمیٹی کے رکن منتخب ہونے پر ایک پروقار تہنیتی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی نے جناب محمد رفیع الدین غوری سینئر صحافی و اسٹیٹ جنرل سکریٹری تلنگانہ جرنلسٹس اسوسی ایشن TJA (رکن، حیدرآباد میڈیا اکریڈیشن کمیٹی) اور سید اکرم اللہ حسینی صدر تلنگانہ جرنلسٹس اسوسی ایشن (رکن، رنگا ریڈی میڈیا اکریڈیشن کمیٹی) منتخب ہونے ہران کی شال پوشی کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔ تقریب میں جناب محمد خلیل احمد سینئر صحافی، جناب ایم اے ولی حافظ سینئر صحافی، جناب محسن علی سینئر صحافی، باقر علی صدر تلنگانہ جرنلسٹس اسوسی ایشن حیدرآباد TJA اور سید احمد حسین ایڈیٹر سفیر میل ڈیلی موجود تھے۔ جناب سید جعفر حسین اس موقع پر امید ظاہر کی کہ نامزد ارکان اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیتے ہوئے صحافتی برادری کی فلاح و بہبود کیلئے مؤثر کردار ادا کریں گے۔

زیرالتوا چالان کے نام پر گاڑی ضبط

ہائی کورٹ کا ہوم سیکریٹری اور ڈی جی پی کو نوٹس

ہائی کورٹ پہلے ہی گاڑیاں ضبط نہیں کرنے کا دیا ہے حکم

متاثرہ نے ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کردی

حیدرآباد۔ یکم مئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ ہائی کورٹ نے زیرالتوا چالان کے بہانے گاڑیوں کو ضبط کرنے پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ عدالت نے اس سے قبل عدالت کی جانب سے جاری کردہ واضح احکامات کی خلاف ورزی پر سینئر حکام کو نوٹس جاری کردیے ہیں۔ ہائی کورٹ نے پہلے فیصلہ دیا تھا کہ پولیس صرف اس لیے گاڑیاں ضبط نہ کرے کہ چالان زیرالتوا ہیں۔ تاہم، ایک متاثرہ نے ہائی کورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ پولیس اب بھی ان احکامات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گاڑیاں ضبط کررہی ہے۔ درخواست گزار نے اپنی شکایت میں الزام لگایا ہے کہ حکام جان بوجھ کر عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کررہے ہیں۔ ہائی کورٹ نے، معاملہ اٹھایا، ریاست کے ڈی جی پی، ہوم سکریٹری، ایڈیشنل سی پی، اور ٹرانسپورٹ کمشنر کو نوٹس جاری کیا۔ عدالت نے حکام کو حکم دیا کہ وہ بتائیں کہ عدالتی احکامات کے باوجود گاڑیاں کیوں ضبط کی جارہی ہیں اور اس کی مکمل وضاحت فراہم کریں۔ عدالت نے واضح کیا کہ حکام کی وضاحت کا جائزہ لینے کے بعد مزید کارروائی کی جائے گی۔ کیس کی سماعت 19 جون تک ملتوی کردی گئی۔ اس پیش رفت سے ایک بار پھر واضح ہوتا ہے کہ زیرالتوا چالان کی صورت میں پولیس کو قانون کے مطابق جرمانہ وصول کرنے کے علاوہ گاڑی کو ضبط کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

سی وی آنند نے تلنگانہ کے ڈی جی پی کا عہدہ سنبھال لیا

حیدرآباد۔ یکم مئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) سینئر آئی پی ایس افسر سی وی آنند نے جمعہ کے روز لکڑی کا پل میں واقع ریاستی پولیس ہیڈکوارٹر میں تلنگانہ کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (DGP) کا عہدہ سنبھال لیا۔ انہوں نے موجودہ ڈی جی پی بی شیودھر ریڈی کی سبکدوشی کے بعد چارج لیا، جو 30 اپریل کو اپنی ملازمت سے ریٹائر ہوئے۔ اس موقع پر سی وی آنند نے کہا، اپنے پورے کیریئر میں میں نے کئی پیشہ ورانہ چیلنجز کا سامنا کیا اور ان سے قیمتی اسباق حاصل کیے۔ آج میں ایک بڑی ذمہ داری عاجزی اور عزم کے ساتھ سنبھال رہا ہوں۔ میں نے بطور ڈی جی پی تلنگانہ عہدہ سنبھالا ہے اور قانون کی بالادستی، عوامی تحفظ اور ریاست کے عوام کی دیانتداری اور لگن کے ساتھ خدمت کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو پوری ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیں گے اور ریاست میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔

99 روزہ عوامی حکمرانی ترقیاتی منصوبہ پر سختی سے عمل کیا جائے، وزیر ٹی ناگیشور راؤ

حیدرآباد۔ یکم مئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ریاستی وزیر زراعت، امدادِ باہمی اور ٹیکسٹائل ٹی ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ حکومت کے اہم عوامی حکمرانی ترقیاتی منصوبہ کے تحت 99 روزہ ایکشن پلان کو مکمل نظم وضبط کے ساتھ نافذ کیا جائے۔ جمعہ کے روز حیدرآباد سے ریاستی وزیر آبپاشی و برقی فراہمی اتم کمار ریڈی، ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ اور اعلی عہدیداروں کے ہمراہ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے تمام اضلاع کے کلکٹرس، ایڈیشنل کلکٹرس اور متعلقہ محکموں کے افسران کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں عوامی حکمرانی ترقیاتی منصوبہ، نیٹ امتحان کے انعقاد، دھان کی خریداری اور عوامی شکایات پروگرام (پراجاوانی) پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ وزیر نے بتایا کہ 4 مئی سے 9 مئی تک ریاست بھر میں 'رائتھو اتسو' (کسان ہفتہ) منایا جائیگا جس کا مقصد کسانوں کو سائنسی طریقہ کاشت، پیداوار میں اضافہ اور سرکاری اسکیموں کے بہتر استعمال کے بارے میں آگاہی دینا ہے۔ اس دوران مٹی کے نمونے جمع کر کے جانچ کی جائے گی اور کسانوں کو ان کی زمین کے مطابق فصلوں کے انتخاب کے لیے رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ 5 مئی کو باغبانی فصلوں کے فروغ اور تیل دار بیجوں کی کاشت بڑھانے پر زور دیا جائے گا، جبکہ 6 مئی کو کسانوں کو قلیل و طویل مدتی قرضوں اور مارکیٹ سہولیات سے متعلق معلومات فراہم کی جائیں گی۔ 7 مئی کو جدید زرعی ٹیکنالوجی کے تحت ڈرون مظاہرے اور 'پردھان منتری کسم اسکیم' کے تحت شمسی توانائی کے استعمال پر بیداری پیدا کی جائے گی۔ 8 مئی کو محکمہ حیوانات اور ماہی پروری کے تحت مویشیوں کی بہتر نسل، مچھلی کی پیداوار اور گرمی کے موسم میں مویشیوں کی دیکھ بھال پر رہنمائی دی جائے گی، جبکہ 9 مئی کو محکمہ آبپاشی کے تحت نہروں کی صفائی اور پانی کے وسائل کے مؤثر استعمال پر اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیر نے بتایا کہ آئندہ سیزن میں دھان کی پیداوار کا تخمینہ تقریبا 141 لاکھ میٹرک ٹن ہے، جبکہ حکومت نے 90 لاکھ میٹرک ٹن خریداری کا ہدف مقرر کیا ہے۔ ریاست بھر میں 8575 دھان خریداری مراکز قائم کیے گئے ہیں اور اب تک کم از کم امدادی قیمت کے تحت کسانوں کو 581 کروڑ 72 لاکھ روپے ادا کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے ہدایت دی کہ خریداری کے عمل کو کامیاب بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کے استعمال، ٹرانسپورٹ، مزدوروں کی دستیابی، گونی بیگز کی فراہمی اور ہارویسٹر مشینوں کے استعمال پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اسی طرح روزگار ضمانت اسکیم کے تحت مزدوروں کی شمولیت بڑھانے، دیہی علاقوں میں کاموں کی تعداد میں اضافہ کرنے اور بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت دی گئی۔ عوامی شکایات کے حل کے لیے "پراجاوانی" پروگرام کو مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا اور کہا گیا کہ موصولہ درخواستوں کو 30 دن کے اندر حل کیا جائے بصورت دیگر درخواست گزار کو وجوہات کے ساتھ مطلع کیا جائے۔ وزیر نے 3 مئی کو ہونے والے نیٹ امتحان کے انعقاد کو بھی منظم طریقے سے انجام دینے کی ہدایت دی۔ امتحانی مراکز پر سکیورٹی، سی سی ٹی وی کیمرے، بایومیٹرک حاضری، بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور طبی سہولیات کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر مردم شماری افسر بھارتی ہولیکیری نے بتایا کہ مردم شماری 2027 کے تحت پہلے مرحلے میں 11 مئی سے 9 جون تک گھروں کی گنتی کی جائے گی اور عوام کو خود شماری کے عمل میں حصہ لینے کے لیے بیدار کیا جائے گا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کلکٹرس چندرا ریڈی، کرن مئی، ضلع پریشد سی ای او کرشنا ریڈی، ضلع دیہی ترقی افسر سری لتا اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

شمس آباد آوٹر رنگ روڈ پر سڑک حادثہ 6 افراد ہلاک

کار ORR ایگزٹ 16 پر کھڑی لاری سے ٹکرائی۔ مسافروں سے بھری کار مکمل تباہ

مرنے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل۔ ایک اور شخص کی حالت تشویشناک

حیدرآباد۔ یکم مئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد میں ایک سنگین سڑک حادثہ پیش آیا۔ شمس آباد کے قریب آوٹر رنگ روڈ (ORR) پر تیز رفتار کار نے سڑک کے کنارے کھڑی لاری کو ٹکر دی۔ اس دردناک حادثہ میں چھ افراد موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔ جبکہ ایک کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ ماروتی سوزوکی ویگن آر کار جس کا رجسٹریشن نمبر TS 23F 2298 تھا پداگولکنڈہ سے شمس آباد جارہا تھی۔ حادثہ آوٹر رنگ روڈ ایگزٹ 16 کیپاس پیش آیا۔ تیز رفتار کار نے رکی لاری کو ٹکر ماری۔ جس کے نتیجے میں کار لاری کے پچھلے حصے میں پھنس گئی۔ حادثہ کے وقت کار میں سات افراد سوار تھے۔ چھ افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ مہلوکین دو خواتین اور دو بچے بھی شامل ہیں۔ خاتون کی حالت تشویشناک تھی، کو قریبی اسپتال لے جایا گیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر امدادی کاروائیاں شروع کر دیں۔ حادثہ اتنا دردناک تھا کہ کے کار کی چھت اڑ گئی۔ کار میں سوار افراد کے جسم تباہ ہوگئی۔ کسی کی آنکھ چہرے سے باہر نکل آئی۔ کسی کا سر پھٹ گیا۔ کسی کے ہاتھ پیر کار میں پھنس گئے۔ اطلاع ملتے ہی شمس آباد پولیس موقع پر پہنچی۔ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے اسپتال منتقل کیا۔ اور زخمی کو علاج کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ بتایا جارہا ہیکہ کار ڈرائیور پر نیند کا غلبہ چھا گیا۔ اور حادثہ پیش آیا۔ پولیس نے معاملہ درج کرلیا ہے۔ جانچ جاری ہے۔ پولیس نے حادثہ کیبعد سڑک پر ٹریفک نظام کو بحال کیا۔ تلنگانہ کے راجنا سرسیلا ضلع سے تعلق رکھنے والے، متاثرین سبھی حیدرآباد کے صنعت نگر کے رہنے والے تھے۔ وہ یادگیری گٹہ مندر میں درشن کے بعد حیدرآباد واپس آرہے تھے۔ ایک عینی شاہد نے موقع پر موجود میڈیا والوں کو بتایا کہ انہوں نے ایک خاتون کو باہر نکالا جو مدد کیلئے پکار رہی تھی۔ اسے ایمبولینس میں اسپتال منتقل کیا گیا۔ ٹرک کے نیچے سے تباہ شدہ کار کو نکالنے کے لیے ایک کرین کو استعمال کیا گیا۔ چیوڑلہ کے ڈپٹی کمشنر آف پولیس یوگیش گوتم اور دیگر اعلی حکام نے جائے حادثہ کا دورہ کیا۔ ایک افسر نے بتایا کہ انہوں نے مقدمہ درج کرلیا ہے اور تحقیقات کررہے ہیں۔ پولیس کو شبہ ہے کہ کار چلانے والا شخص سو گیا ہوگا جس کے نتیجے میں یہ حادثہ پیش آیا۔ 158 کلومیٹر طویل ORR مہلک حادثات کا ایک سلسلہ دیکھ رہا ہے، جس سے سڑک استعمال کرنے والوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ آٹھ لین والی سڑک پر ہونے والے حادثات نے گزشتہ پانچ سالوں میں 375 سے زائد جانیں لی ہیں۔

ایشیا کے توانائی بحران میں بھارت اور چین کے مختلف راستے

نئی دہلی بیجنگ۔ یکم مئی (ایم این این) ایشیا میں توانائی بحران کے دوران بھارت اور چین نے بالکل مختلف حکمت عملی اختیار کی، جس نے دونوں ممالک کے علاقائی کردار اور ترجیحات کو واضح کر دیا ہے۔ تجزیے کے مطابق بھارت نے اپنی مضبوط ریفائننگ صلاحیت اور متنوع تیل درآمدی حکمت عملی کے ذریعے نہ صرف اندرونی طلب کو سنبھالا بلکہ نیپال، بنگلہ دیش اور سری لنکا جیسے پڑوسی ممالک کو بھی ایندھن کی فراہمی جاری رکھی۔ یہ اقدام بھارت کی پڑوسی سب سے پہلے پالیسی کے تحت علاقائی استحکام کو تقویت دینے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ بھارت کی حیثیت دنیا کے بڑے ریفائنرز میں شامل ہونے کے باعث اسے بحران کے دوران ایک قابلِ اعتماد سپلائر کے طور پر ابھرنے میں مدد ملی، جبکہ سرحد پار بجلی اور ایندھن کے نیٹ ورکس نے اس کردار کو مزید مضبوط کیا۔ اس کے برعکس چین نے توانائی کی فراہمی کو زیادہ تر اسٹریٹجک اور طویل مدتی مفادات کے ساتھ جوڑا، جہاں اس کی توانائی پیشکشیں اکثر وسیع تر جیو پولیٹیکل اور معاشی اثر و رسوخ کے ساتھ منسلک دیکھی جاتی ہیں۔ ماہرین کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان بنیادی فرق یہ ہے کہ بھارت نے بحران کے دوران علاقائی تعاون اور شراکت داری پر زور دیا، جبکہ چین کی حکمت عملی توانائی اور ٹیکنالوجی کے ذریعے طویل مدتی اسٹریٹجک اثر قائم کرنے پر مرکوز رہی۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ یہ فرق مستقبل میں ایشیا کے توانائی نظام اور علاقائی سیاست پر گہرے اثرات ڈال سکتا ہے، جہاں توانائی صرف ایک معاشی نہیں بلکہ اسٹریٹجک ہتھیار کے طور پر بھی ابھر رہی ہے۔

آبنائے ہرمز کے خطرات کے پیش نظر بھارت کا 5.4 ارب ڈالر کا قومی شپنگ بیڑا توسیعی منصوبہ

نئی دہلی۔ یکم مئی (ایم این این) بڑھتے ہوئے جغرافیائی خطرات، خاص طور پر آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے تناظر میں بھارت نے تقریبا 5.4 ارب ڈالر کے قومی شپنگ بیڑے کی توسیع کا منصوبہ پیش کیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق اس اقدام کا مقصد توانائی سپلائی چین کو محفوظ بنانا اور عالمی تجارتی راستوں میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ملکی شپنگ صلاحیت کو مضبوط کرنا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں جاری بحران کے باعث جہاز رانی، انشورنس لاگت اور تیل کی ترسیل پر دباو بڑھ رہا ہے، جس کے پیش نظر بھارت اپنی خودمختار سمندری صلاحیت میں اضافہ کر رہا ہے۔ یہ منصوبہ بھارت کی اس وسیع حکمت عملی کا حصہ سمجھا جا رہا ہے جس کا مقصد عالمی سپلائی چین میں خلل کے دوران توانائی اور تجارت کے تسلسل کو یقینی بنانا ہے، خاص طور پر ایسے وقت میں جب خطے میں بحری نقل و حرکت غیر مستحکم ہو رہی ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ اقدام نہ صرف بھارت کی توانائی سلامتی کو مضبوط کرے گا بلکہ اسے عالمی شپنگ اور لاجسٹکس کے میدان میں ایک اہم کھلاڑی کے طور پر بھی ابھار سکتا ہے۔

بھارت نے اٹلی کو دفاعی ٹیکنالوجی پاکستان کیساتھ شیئر نہ کرنے کی ہدایت دی۔ راجناتھ سنگھ

نئی دہلی۔ یکم مئی (ایم این این) بھارتی وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ نے اپنے اطالوی ہم منصب کے ساتھ ملاقات کے دوران واضح کیا ہے کہ دفاعی ٹیکنالوجی پاکستان کے ساتھ شیئر نہیں کی جانی چاہیے۔ رپورٹس کے مطابق بھارت نے یہ موقف قومی سلامتی کے خدشات اور پاکستان کی دہشت گردی سے متعلق پالیسیوں کے تناظر میں پیش کیا۔ ملاقات کے دوران بھارت اور اٹلی نے دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے، مشترکہ پیداوار اور جدید ہتھیاروں کی تیاری جیسے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا، جبکہ آئندہ کے لیے ملٹری تعاون کے روڈ میپ پر بھی اتفاق کیا گیا۔ حکام کے مطابق بھارت نے واضح پیغام دیا کہ وہ دفاعی اشتراک کے لیے تیار ہے، لیکن حساس ٹیکنالوجی کی منتقلی پر سخت حدود برقرار رکھی جائیں گی۔

ہند۔ ویتنام کے درمیان براہموس میزائل معاہدہ متوقع

نئی دہلی۔ یکم مئی (ایم این این) بھارت اور ویتنام کے درمیان براہموس سپرسونک کروز میزائل کی خریداری کا بڑا دفاعی معاہدہ متوقع ہے، جو ویتنام کے صدر تو لام کے دورہ بھارت کے دوران حتمی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق تقریبا 5800 کروڑ روپے مالیت کے اس مجوزہ معاہدے میں ساحلی دفاع کے لیے براہموس میزائل بیٹریز، تربیت، لاجسٹک سپورٹ اور ابتدائی میزائل سپلائی شامل ہوسکتی ہے۔ یہ معاہدہ ویتنام کی جنوبی چین سمندر میں اپنی سمندری دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے، جہاں خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث ہنوئی جدید دفاعی نظام حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ اگر یہ معاہدہ طے پاتا ہے تو ویتنام فلپائن کے بعد جنوب مشرقی ایشیا کا ایک اور بڑا ملک ہوگا جو براہموس نظام حاصل کرے گا، جبکہ یہ بھارت کے میک ان انڈیا دفاعی برآمدات کیلئے بھی ایک اہم پیش رفت سمجھی جارہی ہے۔

ہندوستان اور برطانیہ تجارتی تعلقات کا جائزہ لیا

نئی دہلی/لندن۔ یکم مئی (ایم این این) مرکزی کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے جمعہ کو برطانیہ کے سکریٹری برائے تجارت وتجارت پیٹر کائل کے ساتھ ایک ورچوئل بات چیت کی تاکہ ہندوستان-برطانیہ جامع اقتصادی اور تجارتی معاہدے) سی ای ٹی اے (کے تحت مکمل طور پر مواقع سے فائدہ اٹھانے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے طریقے تلاش کی جا سکے۔ بات چیت کی تفصیلات کا اشتراک کرتے ہوئے، گوئل نے ایکس پر کہا کہ بات چیت کا مرکز اقتصادی تعاون کو بڑھانے اور دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں گہرا تعلق ہے۔ "ہم نے ہندوستان-برطانیہ جامع اقتصادی اور تجارتی معاہدے (CETA) کے تحت مواقع سے پوری طرح فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو مزید بڑھانے کے طریقے تلاش کیے۔ یہ مشغولیت دونوں ممالک کی جانب سے تجارتی معاہدے کے ثمرات کو فعال اور وسعت دینے کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتی ہے، جس کا مقصد مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانا، سرمایہ کاری کو بڑھانا اور اقتصادی روابط کو مضبوط بنانا ہے۔ تازہ ترین بات چیت ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان پہلے کی اعلی سطحی مصروفیات پر مبنی ہے، جہاں دونوں فریقوں نے دوطرفہ تجارت کو بڑھانے کے لیے پرجوش اہداف کا خاکہ پیش کیا ہے۔ گزشتہ سال انڈیا-یوکے سی ای او فورم سے خطاب کرتے ہوئے، وزیراعظم نریندر مودی نے اس اعتماد کا اظہار کیا تھا کہ ہندوستان اور برطانیہ 2030 کے ہدف سے قبل دوطرفہ تجارت کو تقریبا 56 بلین امریکی ڈالر سے دوگنا کردیں گے۔ پی ایم مودی نے CETA کو "صرف تجارتی معاہدہ نہیں، بلکہ مشترکہ ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے لیے ایک روڈ میپ" کے طور پر بیان کیا تھا، جس میں دونوں معیشتوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے میں اس کے کردار کو اجاگر کیا گیا تھا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یہ معاہدہ مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنائے گا، ایم ایس ایم ایز کو سپورٹ کرے گا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ یہ معاہدہ جس پر گزشتہ سال جولائی میں دستخط کیے گئے تھے، برطانیہ کو ہندوستان کی 99 فیصد برآمدات پر ڈیوٹی فری رسائی فراہم کرتا ہے، جس میں ٹیکسٹائل، سمندری مصنوعات، چمڑے، جوتے، انجینئرنگ کے سامان اور کیمیکل سمیت وسیع شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ گوئل اور ان کے یوکے ہم منصب کے درمیان حالیہ مکالمہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی مشغولیت کو بڑھانے کی وسیع تر کوششوں کے درمیان، CETA کے فریم ورک کو ٹھوس تجارت اور سرمایہ کاری کے نتائج میں ترجمہ کرنے کے لیے مسلسل دباو کی نشاندہی کرتا ہے۔

یواے ای کا اوپیک سے انخلا۔ بھارت کے لیے تیل کی سپلائی میں اضافہ ممکن

نئی دہلی۔ یکم مئی (ایم این این) متحدہ عرب امارات کے اوپیک سے اخراج کے بعد بھارت کے لیے تیل کی سپلائی میں بہتری کی امید ظاہر کی جارہی ہے، کیونکہ یواے ای اب پیداوار بڑھا کر فجیرہ کے راستے تیل برآمد کرسکتا ہے، جو آبنائے ہرمز کو بائی پاس کرتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق اوپیک کی پابندیوں سے آزاد ہونے کے بعد یواے ای اپنی خام تیل کی پیداوار میں اضافہ کرسکتا ہے اور حبشان فجیرہ پائپ لائن کے ذریعے براہ راست خلیج عمان تک تیل پہنچا سکتا ہے، جس سے سپلائی زیادہ مستحکم ہوسکتی ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب آبنائے ہرمز میں جاری جغرافیائی کشیدگی نے عالمی توانائی سپلائی کو متاثر کیا ہے، جس کے باعث متبادل راستوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ ماہرین کے مطابق یواے ای کی اس حکمت عملی سے نہ صرف عالمی تیل مارکیٹ میں لچک بڑھے گی بلکہ بھارت کی توانائی سلامتی کو بھی تقویت مل سکتی ہے، کیونکہ وہ اہم خریداروں میں شامل ہے۔

بھارت کا ہائی فریکوئنسی ٹریڈنگ یونیکورن گریویٹن عالمی منڈیوں کی جانب گامزن

نئی دہلی۔ یکم مئی (ایم این این) بھارت کی ہائی فریکوئنسی ٹریڈنگ کمپنی گریویٹن، جو ایک ارب ڈالر مالیت کا یونیکورن بن چکی ہے، اب عالمی منڈیوں میں اپنی موجودگی بڑھانے کے لیے سنگاپور اور لندن تک توسیع کررہی ہے۔ رپورٹس کے مطابق کمپنی کو مقامی سطح پر بڑھتے ہوئے ضابطہ جاتی دباو اور سخت مقابلے کا سامنا ہے، جس کے باعث اس نے بیرونِ ملک مواقع تلاش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ Graviton، جسے چند سال قبل محدود سرمایہ کے ساتھ شروع کیا گیا تھا، اب عالمی بڑی ٹریڈنگ فرموں کے ساتھ مقابلہ کررہی ہے اور کئی مواقع پر بہتر کارکردگی بھی دکھا چکی ہے۔



'ہندوستان اور ارجنٹائن نے زرعی اختراع کے لیے تعلقات کو مضبوط کئے

نئی دہلی۔ یکم مئی (ایم این این) ہندوستان میں ارجنٹائن کے سفارت خانے کی طرف سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق، ارجنٹائن اور ہندوستان عالمی خوردنی تیل کی حفاظت، زرعی اختراعات، اور طویل مدتی لچک پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اپنی اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط کررہے ہیں۔ ہندستان میں ارجنٹائن کے سفیر ماریانو کاوسینو نے کہا کہ دونوں ممالک نے ایک ایسا متحرک رشتہ استوار کیا ہے جو تجارت سے آگے بڑھتا ہے، جس کی جڑیں باہمی اعتماد اور محفوظ خوردنی تیل کی سپلائی کو یقینی بنانے اور عالمی غذائی تحفظ کو آگے بڑھانے کے لیے مشترکہ عزم پر مبنی ہیں۔ کاوسینو نے کہا کہا یک ہی وقت میں، دونوں حکومتیں توسیع شدہ تکنیکی، سائنسی، اور زرعی تعاون کے ذریعے اپنے تعاون کو مزید گہرا کر رہی ہیں۔ نئی دہلی میں ڈرون فیڈریشن آف انڈیا کے دورے کے بعد، سفیر نے نتیجہ خیز بات چیت کا ذکر کیا جس کا مقصد ارجنٹائن کے زرعی شعبے میں ڈرون ٹیکنالوجی کے مواقع کو بڑھانا ہے۔ کوسینو کے ساتھ ارجنٹائن کے ایگریکلچر اتاشی، ماریانو بیہران بھی تھے، جنہوں نے دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے زرعی ہم آہنگی کی طرف اشارہ کیا اور بتایا کہ مہندرا اینڈ مہندرا جیسے ہندوستانی مینوفیکچررز کے ٹریکٹروں کی ارجنٹائن کے کسانوں میں مانگ بڑھ رہی ہے، جب کہ ہندوستانی ترقی یافتہ جوار کی پیداوار میں بھی ارجنٹائن کے فروغ کی صلاحیت ہے۔

رین بازار پی ایس حدود میں نامعلوم معمر شخص کی نعش برآمد

عوام سے شناخت کی گزارش

حیدرآباد۔ یکم مئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) رین بازار پولیس اسٹیشن حدود میں یاقوت پورہ ریلوے برج کے قریب ایک نامعلوم معمر شخص کی نعش برآمد ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 27 اپریل 2026 کو رات تقریبا 8 بجے پی سی پی چندرمولی (PC 30013) نے اطلاع دی کہ وہ اپنے ساتھی سید محمود حسین (HG 5753) کے ساتھ دوپہر 2 بجے سے رات 8 بجے تک گشت پر مامور تھے۔ شام تقریبا 7 بجے محمد عمر ولد محمد صدیق نامی شخص نے اطلاع دی کہ یاقوت پورہ ریلوے برج کے نیچے ایک نامعلوم شخص بے ہوشی کی حالت میں پڑا ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچی اور دیکھا کہ تقریبا 55 تا 60 سال عمر کا ایک نامعلوم بزرگ شخص بے ہوشی کی حالت میں پڑا ہوا ہے۔ ابتدائی معائنے کے بعد شبہ ظاہر کیا گیا کہ اس کی موت ممکنہ طور پر علالت کے باعث ہوئی ہے۔ مزید تحقیقات کے دوران معلوم ہوا کہ متوفی ایک بھکاری تھا جو روزانہ بھیک مانگ کر گزر بسر کرتا تھا پولیس نے فوری طور پر کلوز ٹیم کو اطلاع دی اور نعش کو عثمانیہ جنرل اسپتال (OGH) منتقل کردیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی ہے اور متوفی کی شناخت کے لیے کوششیں جاری ہیں۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔